efu
عافیت کا نشان
LIFE
Zaroori Hai

# انویسٹ این اشور
# ریٹائرڈمنٹ پلان



# ریٹائرمنٹ ایک سفر ہے نہ کہ منزل

کام چلتا رہتا ہے اور کبھی آپ کو اکیلا نہیں چھوڑتا۔ اس دوران آپ اپنی زندگی جینا بھول جاتے ہیں اور اپنے روزمرّہ کے معمولات جسمیں آپ کئی سالوں سے مصروفِ عمل ہوتے ہیں کھو جاتے ہیں۔ اس ہی لیے ہم آپ کے لئے لائے ہیں انویسٹ این اشور ریٹائرمنٹ پلان جو آپ کو فراہم کرے آپ کو ریٹائرمنٹ کے بعد وہ زندگی جو آپ گزار نہ سکے ہوں تا کہ آپ زندگی سے درست طریقے سے لطف اندوز ہو سکیں۔

## اُن فوائد سے فائدہ اٹھائیں جو ہم آپ کو فراہم کرتے ہیں

- اپنے جمع شدہ سرمائے کی افادیت کو دوبالا کریں دی گئی پنشن آپشنز کی مدد سے۔
- جمع شدہ سرمائے میں یکمشت اضافہ، فنڈ ایکسلریشن پریمیم کی مدد سے جس سے آپ کو ملے اپنی ریٹائرمنٹ کے وقت ایک خاطر خواہ اضافی رقم۔
- ریٹائرمنٹ بونس کی مدد سے آپ کے جمع شدہ سرمائے کو ملے قابلِ ذکر اضافہ
- افراطِ زر سے تحفظ کے انتخاب سے بڑھتی ہوئی افراطِ زر سے اپنے فنڈ کو محفوظ کیا جاسکتا ہے۔

## سرمائے میں اضافے کے مواقع:

ہر ادا کیا گیا پریمیم ای ایف یو لائف کے ذیلی فنڈ میں انویسٹ کیا جاتا ہے۔ یہ مکمل طور پر آپ کا فیصلہ ہے کہ اپنے مقصد کے مطابق کہاں انویسٹ کیا جائے۔ ان فنڈز کو سرمایہ کاری کے ماہرین چلاتے ہیں جو کہ حالات کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے اچھے ریٹرنز کے لئے رقم کو انویسٹ کرتے ہیں۔ آپ درج ذیل یونٹ سے منسلک فنڈز میں سے کسی کا انتخاب کر سکتے ہیں:

**ای ایف یو مینیجڈ گروتھ فنڈ:** ایک متوازن سرمایہ کاری کی حکمت عملی پر مشتمل سرمایہ کاری فنڈ۔ اس کا مقصد، سرکاری سیکیورٹیز، محتاط طور پر منتخب کی گئی بلوچپ ایکویٹیز اور دیگر مقرّرہ آمدنی کے ذرائع اور نقد سرمایہ کاری کے ذریعے، سرمایہ کاری کی مناسب نشوونما اور مستحکم منافع جات حاصل کرنا ہے۔

**ای ایف یو گارانٹیڈ گروتھ فنڈ:** مستحکم منافع جات فراہم کرنے والا سرمایہ کاری فنڈ اس ضمانت کے ساتھ کہ فنڈ کی بڈ پرائس نیچے نہیں آئے گی۔ اس کا مقصد قلیل المدت قرضہ سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کے ذریعے مستحکم نشوونما حاصل کرنا ہے۔

**ای ایف یو اعتماد گروتھ فنڈ:** سرمایہ کاری فنڈ جسکا خاص مقصد سود سے پاک سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری ہے۔ اس کا ہدف سرمایہ کاری کی ایک وسیع حد میں سرمایہ کاری کے ذریعے، جیسے کہ اسلامک میوچل فنڈز، شریعہ سے منظور شدہ ایکویٹیز، اسلامی بینکوں میں مدّت پر مبنی ٹرم ڈیپازٹس اور سکوک بانڈز کے ذریعے، سرمائے کی نشوونما کو بڑھانا ہے۔



## ایلوکیشن اسٹرکچر:

| پالیسی سال | یونٹ ایلوکیشن کا تناسب |
|---|---|
| 1 | 50% |
| 2 | 90% |
| 3 اور آگے | 100% پلس ریٹائرمنٹ بونس ایلوکیشن |

یونٹس کی تخصیص کے لئے (FAP) فنڈ ایکسلریشن پریمیم یونٹ ایلوکیشن کا تناسب 100% ہوگا۔

## ریٹائرمنٹ بونس ایلوکیشن:

اس پلان کو جتنے زیادہ عرصے کیلئے جاری رکھا جائے گا اتنا ہی زیادہ فائدہ حاصل ہوگا۔ یہ پلان آپ کو قابلِ ذکر لائلٹی بونس اضافی یونٹس کی شکل میں فراہم کرتا ہے۔ جو کہ سال کے لحاظ سے درج ذیل ہے۔

| سال | ریٹائرمنٹ بونس کے تحت اضافی یونٹ ایلوکیشن کا تناسب |
|---|---|
| 5 | 3% |
| 6 سے 9 | 5% |
| 10 اور آگے | 10% |

## اس پلان کے تحت ملنے والے فوائد

### فنڈ ایکسلریشن پریمیم (FAP):

اس بینیفٹ کے تحت پلان کی مدّت کے دوران کسی بھی وقت اضافی رقم کی سرمایہ کاری کی جا سکتی ہے۔ اس بینیفٹ کی مدد سے صارف کیش ویلیو کی رقم کو بڑھا سکتا ہے۔ FAP کی ادائیگی صارف پلان لیتے وقت یا پلان کی مدّت کے دوران صارف کسی بھی وقت کرسکتا ہے۔

پینشن آپشن

ریٹائرمنٹ کے وقت آپ اپنی فنڈ ویلیو کو لمپ سم نکلوا سکتے ہیں یا درج ذیل پینشن آپشن کے تحت اپنی فنڈ ویلیو کو انویسٹ کر سکتے ہیں:

- ایک مقررہ پینشن جو کہ 10 سال یا لائف اشورڈ کی زندگی تک ادا کی جائیگی، دونوں میں سے جو بھی زیادہ ہو۔
- ایک مقررہ پینشن لائف اشورڈ کی زندگی تک ادا کی جائیگی، لائف اشورڈ کی ڈیتھ پر 50 فیصد اُسکے زندہ رہنے والے شوہر/ بیوی کو تا حیات ادا کی جائیگی۔

*پینشن آپشن سرمایہ کاری کے ماحول کے مطابق دی جائیگی۔

## سرمایہ کاری حفاظت کے ساتھ۔ڈیتھ بینیفٹ

آپ جیسے ہی انویسٹ این اشور سیونگز پلان میں سرمایہ کاری کا آغاز کریں گے آپ کو اور آپ کے پیاروں کو حاصل ہو گا ایک یقینی مالی تحفظ جو خدانخواستہ وفات کی صورت میں آپ کے پیاروں کو فراہم کیا جائے گا۔

- مین پلان سم اشورڈ یا بنیادی پلان کے پریمیم پہ اطلاق شدہ یونٹس کی کیش ویلیوز، (دونوں میں سے جو زیادہ ہو گی۔) **پلس**
- FAP کے تحت لئے گئے یونٹس کی کیش ویلیو

## افراطِ زر سے تحفظ:

یہ آپشن آپ کو ذہنی آسودگی اور تحفظ فراہم کرتا ہے کہ آپ کے پلان کے بینیفٹس افراطِ زر کے بڑھنے کے ساتھ آپ کی صحت کے قطعِ نظر ہر سال از خود بڑھ جائیں گے۔ اس انتخاب کے تحت ہر سال پریمیئم پچھلے سال کے اصل بنیادی پلان کے پریمیئم کا 5 فیصد، اطلاق کردہ فوائد میں مناسب اضافے کے ساتھ بڑھ جائے گا۔

اسی طرح بنیادی پلان کا سم اشورڈ بھی بڑھ جائیگا۔ اگرچہ آپ سم اشورڈ کو اُتنا ہی رکھ کر صرف پریمیم کو بھی بڑھا سکتے ہیں تا کہ صرف سرمائے میں اضافہ ہو سکے۔ جس سے یہ اضافی پریمیم آپ کے سرمائے کو فروغ دینے میں مدد دیگا۔

## اہلیت کا معیار:

| عمر | مدت | کم از کم پریمیم |
|---|---|---|
| کم از کم عمر<br>18 سال | تا حیات پلان<br>(مخصوص مدت نہیں ہے) | بنیادی پلان<br>20,000 روپے سالانہ |
| زیادہ سے زیادہ عمر<br>65 سال | | FAP<br>20,000 روپے |

## دستیاب رائیڈرز:

| | |
|---|---|
| *ایکسیڈینٹل ڈیتھ اینڈ ڈسیبلٹی بینیفٹ | بیمہ دار کو کسی حادثے کی صورت میں موت واقع ہو جائے یا معذوری لاحق ہو جائے تو اس فیچر کی بدولت ملے اضافی یکمشت رقم۔ |
| *ایکسیڈینٹل ڈیتھ اینڈ ڈسیبلٹی بینیفٹ پلس | حادثاتی موت یا معذوری کے علاوہ اس فیچر کی مدد سے ملے ایک یکمشت رقم جو کسی بھی قسم کی مکمل معذوری (جو کسی بھی قسم کی صورت میں لاحق ہوئی ہو) کی صورت میں۔ |
| ایڈیشنل ٹرم اشورنس | اس فیچر کا بنیادی فائدہ یہ ہے کہ صارف اپنی بیمہ پالیسی کی رقم کو بڑھا سکتا ہے جو کہ کسی بھی قسم کی موت پر واجب الادا ہوگا۔ |
| لائف کیئر بینیفٹ پلس | اس کے حصول سے صارف کو بنیادی پلان کے مساوی ایک اضافی رقم حاصل ہوتی ہے جس کی حد زیادہ سے زیادہ 15 لاکھ ہوتی ہے اور یہ رقم پہلے سے بیان شدہ انتہائی جان لیوا بیماریوں سے کسی بھی ایک یا زائد کی تشخیص پر ادا کی جاتی ہے۔ |
| ویور آف پریمیم | اگر صارف کسی بھی بیماری یا حادثاتی معذوری کی وجہ سے اپنا ذریعہ معاش جاری نہ رکھ سکے جس کی وجہ سے پریمیم کی ادائیگی ناممکن ہو جائے تو اس کی بدولت پریمیم کی ادائیگی کمپنی کرے گا۔ |
| ہاسپٹل کیئر بینیفٹ | صارف کے داخل ہسپتال ہونے کی صورت میں میں یہ بینیفٹ روزانہ کی بنیاد پر ایک رقم فراہم کرے گا۔ |
| میڈیکل ریکوری بینیفٹ | علالت کی صورت میں لمپ سم کیش فراہم کرتا ہے۔ یہ ایک میڈیکل انشورنس ہے جو کہ 379 بیماریوں اور زخمی ہونے کی سورت میں واجب الادا ہوگا۔ |
| فیملی انکم بینیفٹ | صارف اس بینیفٹ کی مدّت کے دوران موت کی صورت میں اُس کے پیاروں کو ماہانہ آمدنی کی ادائیگی کی جائیگی جو کہ باقی ماندہ مدّت تک فراہم کی جاتی رہے گی۔ |

*ان میں سے کوئی ایک ایکسیڈینٹل رائیڈر لے سکتے ہیں۔

## فری لُک پریڈ:

اگر آپ اپنی پالیسی اجرا ہونے کے 14 دن کے فری لُک پریڈ کے درمیان منسوخ کرتے ہیں، تو آپ کو پریمیم مکمل واپسی کیا جائے گا مگر میڈیکل اور کلینیکل اخراجات ای ایف یو لائف منہا کرنے کی مجاز ہوگی۔

## ایکسکلوژن:

وفات کی صورت میں دیا جانے والا بینیفٹ کی کوریج کسی بھی قسم وفات پر ادا کی جائے گا۔ اس کا مطلب

ہے کہ موت کی صورت میں یہ خارج از امکان نہیں ہے۔ اگر چہ وفات، خودکشی کی صورت میں 13 مہینے کے اندر ہوجائے تو ڈیتھ بینیفٹ کیش ویلیو ہوگا۔

## چارجز:

| | |
|---|---|
| انویسٹ مینجمنٹ چارج: | فنڈ قدر کا 0.125 فیصد ماہانہ |
| بڈ آفر اسپریڈ: | کل باقاعدہ پریمیم کا 5 فیصد |
| ایڈمنسٹریشن چارج: | 75 روپے ماہانہ |

## ڈسکلیمر:

- یہ پروڈکٹ ای ایف یو لائف کی پیش کردہ ہے، اسٹینڈرچارٹرڈ بینک یا اس سے ملحق کسی ادارے سے ضمانت کردہ یا بیمہ شدہ نہیں ہے اور نہ ہی یہ اسٹینڈرچارٹرڈ بینک کی پروڈکٹ ہے۔ اسٹینڈرچارٹرڈ بینک اپنے قابل قدر صارفین کیلئے اس پروڈکٹ کا صرف تقسیم کار اور تشہیر کار ہے۔
- آپ کے پریمیئم کی قدر میں نشوونما کا انحصار منتخب شدہ فنڈ، جس میں کی پریمیئمز کی سرمایہ کاری کی گئی ہے، کی کارکردگی پر ہے۔
- منتخب شدہ فنڈ میں کی گئی تمام سرمایہ کاریاں مارکیٹ میں نقصان کی صورت حال پر منحصر کرتی ہیں۔ منتخب شدہ فنڈ میں سرمایہ کاری کی کارکردگی میں نقصان بیمہ دار کی ذمہ داری ہوگا۔
- فنڈ کی سابقہ کارکردگی ضروری نہیں کہ مستقبل کے نتائج کی نشاندہی کرے، اسی طور پر کوئی بھی پیشین گوئی فنڈ کے ممکنہ یا مستقبل کے کارکردگی کے طور پر لینا ضروری نہیں، اور نہ ہی ای ایف یو لائف اور نہ ہی اسٹینڈرچارٹرڈ بینک اسکے لئے کوئی ذمہ داری قبول کریں گے۔
- فوائد کی ایک انفرادی وضاحت آپ کو ہمارے سیلز کے نمائندے کی طرف سے پیش کی جائیگی، براہ مہربانی مختلف شرائط وضوابط کو تفصیلی طور پر سمجھنے کیلئے شذرات ملاحظہ کیجئے۔
- متعلقہ اداروں کے مقرر کردہ ٹیکس کے قوانین کے تحت ٹیکسوں کا اطلاق ہوگا۔
- معاہدہ کن خطوط پر کام کرتا ہے اس کی وضاحت پالیسی کی شرائط وضوابط میں کی گئی ہے۔ یہ کتابچہ پلان کے خدوخال اور فوائد کا ایک عام جائزہ پیش کرتا ہے۔


## ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ۔

ای ایف یو لائف ہاؤس، پلاٹ نمبر ۱۱۲، ۸ ایسٹ اسٹریٹ، فیز ا، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان۔

ٹیلیفون: (021) 111-EFU-111 (111-338-111)

فیکس: (021) 34537519

ویب سائٹ: www.efulife.com